ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(680)

22.12.2023

## بہاول پور( ) ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، جمعتہ المبارک کے روز ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے سیکیورٹی کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کے وزٹ، موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت، سیکیورٹی فرائض میں غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوز نے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوز نے اپنے اپنے تھانہ جات کی حدود میں جمعتہ المبارک کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کی سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں کو چیک کیا۔سیکیورٹی پر مامور جوانوں کے پاس موجود اسلحہ اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر جوانوں کو الرٹ رہ کر ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارا فرض بہت اہم ہے،شہریوں کو احساس تحفظ دلانا ہے کہ ہم انکی سیکیورٹی کے لیے موجود ہیں۔ملکی صورتحال کے پیش نظر شرپسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور الرٹ رہیں کیونکہ ہم الرٹ رہیں گے تو شرپسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے،سیکیورٹی فرائض میں غفلت ولاپرواہی بلکل برداشت نہیں کی جائے گی۔انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو اپنے اپنے ایریا میں موثر گشت اور سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، موجودہ ملکی صورت حال کے پیش نظر جمعتہ المبارک کے موقع پر ضلع بھر کی مساجد و امام بارگاہوں پر پولیس کے افسران و جوان الرٹ ہو کر ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (681)

22.12.23

**بہاول پور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی زیر کمانڈ کرسمس تہوار کے حوالے سے سیکیورٹی پلان ترتیب دے دیا گیا،ضلع بھر میں 44 پروگرامز منعقد ہونگے،جن پر 1000 سے زائد پولیس افسران و جوان اپنے فرائض سرانجام دیں گے۔اقلیتی برادری کی سیکیورٹی کو فول پروف رکھا جائے،غفلت و لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے فول پروف سیکیورٹی کے احکامات کے احکامات اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی زیر کمانڈ کرسمس تہوار کے حوالے سے سیکیورٹی پلان ترتیب دے دیا گیا۔کرسمس تہوار کے حوالے سے ضلع میں 44 پروگرامز منعقد ہونگے،چرچ ہائے پر ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز سمیت 1000 سے زائد پولیس افسران و جوانوں کے علاوہ ولینٹئرز بھی ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دینگے تاکہ تقریبات میں حصہ لینے والے اپنی عبادت گاہوں میں مذہبی رسومات پرامن ماحول میں سرانجام دے سکیں۔ڈسٹرکٹ پولیس کے ساتھ ایلیٹ فورس اور ڈولفن اسکواڈ،محافظ اسکواڈ بھی اپنی ڈیوٹیاں سرانجام دیں گے۔ایس ایچ اوز کو سختی سے ہدایت جاری کی گئی ہیں کہ مسلح جوانوں کو چھتوں پر بھی تعینات کیا جائے۔پروگرام میں شامل ہونے والے افراد کی چیکنگ کو یقینی بنایا جائے جبکہ خواتین کی تلاشی کے لئے لیڈی پولیس اہلکار بھی موجود ہونگی۔سیکیورٹی انتظامات کو CCTV کیمروں سے بھی مانیٹر کیا جائے گا۔واک تھرو گیٹ و ٹیکنیکل سویپنگ کی تنصیب اور فیزیکل چیکنگ کے لئے سپیشل برانچ کا عملہ بھی تعینات ہوگا جبکہ مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھنے کے لیے سول پارچات میں بھی اہلکار ڈیوٹی پر مامور ہونگے۔عبادات کے دوران پولیس کی گشت کناں گاڑیاں چرچز کے اردگرد سیکیورٹی کو یقینی بنانے کے لئے گشت کو جاری رکھیں گی۔ٹریفک کو رواں دواں رکھنے کے لیے ٹریفک کا ڈیوٹی پلان بھی ترتیب دیا گیا ہے۔ڈی پی او نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ وہ 25 دسمبر کو عام تعطیل اور کرسمس تہوار کو مدنظر رکھتے ہوئے تفریحی مقامات خاص طور پر چڑیا گھر،نیشنل پارک لال سوہانرا،SS ورلڈ اور دیگر پبلک مقامات پر سیکیورٹی کے انتظامات کو بھی یقینی بنائیں گے۔ڈی پی او نے مزید ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ایس ایچ اوز اور پٹرولنگ ڈیوٹی پر مامور افسران اقلیتی عبادت گاہوں کی اردگردگشت کو بھی یقینی بنائیں،کسی بھی مشتبہ اشخاص سے پوچھ گچھ اور اقلیتی عبادت گاہوں کے اردگرد رہنے والے غیر متعلقہ افراد پر بھی نظر رکھیں،اقلیتی عبادت گاہوں کی سیکیورٹی پر کسی قسم کا کمپرومائز نہیں کیا جائے گا۔کرسمس تہوار کے حوالے سے یا کسی بھی ایمرجنسی صورت حال کے پیش نظر ڈی پی او آفس میں کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے،جو کرسمس تقریبات کے اختتام تک اپنے فرائض سرانجام دے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاول پور:ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی زیر کمانڈ کرسمس تہوار کے حوالے سے سیکیورٹی پلان ترتیب دے دیا گیا